کوئٹہ (آئی این پی) مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور جماعت اسلامی کے رہنما، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی رکن صوبائی اسمبلی عبدالمجید بادینی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اور نتیجہ خیز اقدامات اٹھا رہی ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ بجٹ میں صحبت پور، جعفرآباد اور نصیرآباد ڈویژن کے دیگر علاقوں کے لئے ریکارڈ ترقیاتی فنڈز مختص کیے گئے ہیں تاکہ ان پسماندہ اضلا......

بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ع میں بنیادی سہولیات، انفراسٹرکچر، تعلیم، صحت، آبپاشی، سڑکوں اور پینے کے صاف پانی کے مسائل کو فوری طور پر حل کیا جا سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع صحبت پور کی معروف شخصیت میر سرفراز احمد خان کھوسہ کی جانب سے ظہرانہ کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع چیف انجینئر بی زون۔ بشیر احمد ناصر۔ ایکسین نصیرآباد عبدالرحمان کاکڑ۔ چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل بابے محمد علی کھوسہ حاجی علی احمد کھوسہ حاجی ریاض حسین کھوسہ پی ایس عطاء اللہ کھوسہ۔ مسعود احمد کھوسہ۔ ایکسین بلڈنگ عرفان علی میر عبدالمجید کھوسہ و دیگر معززین بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حیردین ڈرین کی بحالی اور اس کے متاثرہ علاقوں پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے خطیر رقم مختص کی ہے جس پر ہم وزیراعلیٰ بلوچستان کے تہہ دل سے مشکور ہیں حیردین ڈرین کی بحالی سے نہ صرف زراعت کو فروغ ملے گا بلکہ بارشوں اور سیلاب کے دوران ہزاروں ایکڑ اراضی کو ہونے والے نقصان کا بھی سدباب ہوگا، جس کا براہ راست فائدہ کاشتکار طبقے کو پہنچے گا اور زرعی معیشت مضبوط ہوگی میر سلیم خان کھوسہ اور عبدالمجید بادینی نے کہا کہ ہم اپنی عوام کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھا رہے ہیں اور ان کے حقوق کے تحفظ اور مسائل کے حل کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے صوبائی حکومت تمام اضلاع کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے اور ہماری کوشش ہے کہ نصیرآباد ڈویژن ترقی کرے انہوں نے کہا کہ جلد ہی مزید ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا جائے گا جس سے عوام کی مشکلات میں کمی آئے گی اور صوبے میں خوشحالی اور امن کا نیا دور شروع ہوگا۔

INTEKHAB QUETTA

## پارٹی کو بلوچستان میں مزید فعال بنانے کی ضرورت ہے، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

پارٹی کارکنان سردار عمر گورگیج کی قیادت اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی پالیسیوں پر عمل پیرا ہو کر پارٹی منشور کو گھر گھر پہنچائیں گے، صوبائی مشیر بلدیات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر برائے بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے جمعرات کو پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے نومنتخب صوبائی صدر سینیٹر سردار عمر گورگیج سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پارٹی امور، تنظیمی سرگرمیوں اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے سردار عمر گورگیج کو صوبائی صدر منتخب ہونے پر پھولوں کا گلدستہ پیش کر کے مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو بلوچستان میں مزید فعال بنانے کی ضرورت ہے پارٹی کارکنان سردار عمر گورگیج کی قیادت اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی پالیسیوں پر عمل پیرا ہو کر پارٹی منشور کو گھر گھر پہنچائیں گے۔ مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ پارٹی قیادت نے ایک دیرینہ جیالے اور منجھے ہوئے سیاستدان کو صوبائی صدر منتخب کر کے کارکنان کے دل جیت لیے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی قیادت میں سردار عمر گورگیج کے ہاتھ مضبوط کرے گی تاکہ پارٹی کو صوبے میں مزید تقویت دی جا سکے۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی جس میں پارٹی کو درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی مشاورت کی گئی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 18 JUL 2025 Page No. 13


## صوبے میں چلنے والی پبلک ٹرانسپورٹ کی سیکورٹی سخت کرنے کا فیصلہ

**ٹرانسپورٹرز کو مسافر کوچ، بس اور ویگن مالکان کو دو دو سیکورٹی گارڈز تعینات کرنے، حفاظتی اقدامات کی ہدایت کردی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت کا صوبے میں چلنے والی پبلک ٹرانسپورٹ کی سیکورٹی سخت کرنے کا فیصلہ، مختلف اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں نے ٹرانسپورٹر کو مسافر کوچ، بس اور ویگن مالکان کو دو دو سیکورٹی گارڈز تعیناتی کے ساتھ حفاظتی اقدامات کرنے کی ہدایت کردی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے صوبے کے ڈپٹی کمشنروں کو مراسلہ جاری کیا گیا ہے کہ وہ اندورن صوبہ اور بین الصوبائی سطح پر چلنے والی پبلک ٹرانسپورٹ کی سیکورٹی کیلئے سخت حفاظتی اقدامات کریں،، جس پر صوبے کے مختلف اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں نے ٹرانسپورٹروں کو اندورن صوبہ اور بین الصوبائی سطح پر چلنے والی پبلک ٹرانسپورٹ مسافر کوچ، بس اور ویگن مالکان کو دو دو سیکورٹی گارڈز تعیناتی،، جی پی ایس ٹریکر، الارم سسٹم اور سی سی ٹی وی کیمرے کی تنصیب کی ہدایت کردی ڈپٹی کمشنرز نے ٹرانسپورٹرز کو ان حفاظتی اقدامات کیلئے بیس جولائی کی ڈیڈلائن دے دی ہے۔

## صوبائی ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا، سیکرٹری خزانہ بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق حکومت بلوچستان نے صوبے کے گریڈ 1 سے 22 تک کے ملازمین کی جاری بنیادی تنخواہ میں 10 فیصد ایڈہاک ریلیف الاونس کے اجراء کردیا ہے ایڈہاک ریلیف الاونس کا اطلاق یکم جولائی سے ہوگا۔

## بدعنوانی اور نااہلی کے الزام میں ریلوے پولیس کے سات اہلکار لاہور سے کوئٹہ ٹرانسفر

**محکمانہ انکوائری مکمل ہونے پر ان کو سزا دینے کے بعد نوکری سے فارغ کیا جائے گا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آئی جی ریلویز پولیس رائے طاہر نے حال ہی میں بدعنوانی، نااہلی اور بغیر ٹکٹ سفر کروانے کی شکایت پر لاہور ڈویژن کے سات اہلکاروں جن میں ریلویز پولیس اسٹیشن فیصل آباد کا محرر بھی شامل ہے کو کوئٹہ ٹرانسفر کردیا۔ مزید برآں ٹرانسفر ہونے والے اہلکاروں کی محکمانہ انکوائری مکمل ہونے کے بعد ان کو کوئٹہ میں سزا دینے کے بعد نوکری سے فارغ کیا جائے گا۔ ملازمین میں لاہور ڈویژن کے ہیڈ کانسٹیبلان قدیر حسین، محمد شفیق اور عابد علی جبکہ کانسٹیبلان محمد شہباز، محمد اجمل، محمد خالد اور فیاض احمد شامل ہیں۔ واضح رہے کہ آئی جی ریلویز پولیس رائے طاہر کی سربراہی میں ریلویز پولیس میں کرپشن اور نااہلی کے مرتکب اہلکاروں اور افسران کے گرد گھیرا تنگ کرکے ان کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لاتے ہوئے نوکری سے برخاست کیا جارہا ہے۔ اس عمل سے ریلویز پولیس میں نوکری کو غیر سنجیدگی اور فرض کی ادائیگی میں کوتاہی برتنے والے افسران اور ملازمین کے گرد شکنجہ سخت کردیا گیا ہے اور ریلویز پولیس کو حقیقی معنوں میں پیشہ وارانہ فورس بنانے میں بااثر اور تادیبی کارروائیوں کا عمل بھی جاری ہے۔ آئی جی ریلویز کا یہ اقدام وفاقی وزیر برائے ریلویز کے مضبوط اور منافع بخش ریلویز کے ویژن کی پاسداری کی طرف بڑھتا ہوا اہم قدم ہے۔

## بورڈ آفس افسروں کے ایک دوسرے پر الزامات کی تحقیقات کیلئے کمیٹی تشکیل

**ڈائریکٹر کالجز محمد حسین کمیٹی کے چیئرمین اور گرلز کالج کینٹ کی پرنسپل اور ڈپٹی سیکرٹری کالجز ارکان میں شامل**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے محکمہ کالجز اینڈ ہائیر ایجوکیشن نے بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے چیئرمین اور کنٹرولر کے ایک دوسرے پر الزامات کے معاملے کی تحقیقات کیلئے فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی کی تشکیل دے دی ہے، صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی نے بلوچستان بورڈ کے آفیسران کے سوشل میڈیا پر ایک دوسرے پر الزامات کا نوٹس لے لیا، صوبائی وزیر تعلیم کی ہدایت پر سیکرٹری کالجز نے معاملے پر فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی ہے، تین رکنی کمیٹی کے چیئرمین ڈائریکٹر کالجز محمد حسین ہوں گے، پرنسپل گورنمنٹ گرلز کالج کینٹ اور ڈپٹی سیکرٹری کالجز بھی کمیٹی میں شامل ہیں، انکوائری کا مقصد حالیہ میٹرک کے امتحانات میں شریک اسٹوڈنٹس کے والدین کے تحفظات اور آفیسران کے درمیان بے اعتمادی کے داخلی معاملات کی تحقیقات کرنا ہے۔

## بلوچستان کو سرمایہ کاری کا مرکز بنانے کیلئے پرعزم ہیں، بلال کاکڑ

**سرمایہ کاروں کو مثالی مراعات اور سہولیات فراہم کررہے ہیں، ایشیا پیسفک مڈایئر کانفرنس میں شرکت**

اسلام آباد (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے (ایف آئی ڈی آئی سی) ایشیا پیسفک مڈایئر کانفرنس 2025 میں خصوصی مہمان کی حیثیت سے شرکت کی۔ جس میں خطے کے ممتاز صنعتی رہنماؤں، پالیسی سازوں اور عالمی مشیر موجود تھے۔ کانفرنس کا محور ایشیا پیسفک میں پائیدار انفراسٹرکچر کی ترقی اور سرمایہ کاری پر مبنی ترقی تھا۔ اس موقع پر ایک بیان میں بلال خان کاکڑ کہا کہ کانفرنس میں شرکت ایک اعزاز ہے، جہاں شرکاء کو بلوچستان کے بارے میں جاننے اور سمجھنے کا موقع ملا، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں اور انکے وژن کے مطابق ہم بلوچستان کو سرمایہ کاری کا مرکز بنانے کیلئے پرعزم ہیں، بلوچستان صرف قدرتی وسائل میں ہی نہیں بلکہ مواقع میں بھی مالا مال ہے، معدنیات سے لے کر قابل تجدید توانائی، زراعت سے سیاحت تک، ہم مقامی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے مثالی مراعات اور سہولیات فراہم کررہے ہیں۔

## آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈکپ ٹورنامنٹ

**تیسرے روز کے میچز میں اینٹی کرپشن فٹبال، بلوچستان لیویز، ڈے ایف اے بی، واٹر بورڈ کراچی کی کامیابی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ ٹورنامنٹ کے تیسرے روز کھیلے گئے میچز میں انٹی کرپشن فٹبال، بلوچستان لیویز، ڈے ایف اے بی، واٹر بورڈ کراچی نے کامیابی حاصل کرلی جبکہ تین میچز برابر رہے تفصیلات کے مطابق بلوچستان اسپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام پانچواں آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ ٹورنامنٹ کے سلسلے میں ایوب اسٹیڈیم میں دو میچز کھیلے گئے پہلا میچ انٹی کرپشن فٹبال کلب اور تربت کلب کے درمیاں ہوا جو انٹی کرپشن نے ایک گول سے جیت لیا، دوسرا میچ اے کے ایف سی اور بلوچ مندادائی نوشکی کے درمیان ہوا جو سخت مقابلے کے بعد برابر رہا جبکہ قیوپاپا اسٹیڈیم میں کھیلے میچ میں بلوچستان لیویز نے رفیق شہید فٹبال کلب کراچی کو صفر کے مقابلے پانچ گول سے شکست دی ریلوے گرونڈ میں ایس بی پی ائی اور آزاد آفغان کے درمیان میچ ہوا جو کانٹے دار مقابلے کے بعد کے بعد بغیر کوئی گول برابر رہا جبکہ ایک اور میچ میں ڈے ایف اے بی نے ایم ڈبلیو وچ کو دو کے مقابلے چار گول سے شکست دی۔ واٹر بورڈ کراچی نے آزاد بلوچ کلب کو صفر کے مقابلے ایک گول سے ہرادیا جبکہ ڈی ایف اے پچکور اور ایف جی کوئٹہ کا میچ بغیر کسی گول برابر رہا صادق شہید گرونڈ میں اتفاق برادر چمن اور مددمحمد کراچی کے درمیاں کھیلا گیا میچ دو دو گول سے برابر رہا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 18 JUL 2025 Page No. 14

## امن وامان برقرار رکھنے کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا، آغا محمد یوسف

### زونل کمانڈرز شدت پسند عناصر کیساتھ آہنی ہاتھوں سے مقابلہ کریں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے کہا ہے کہ صوبے میں امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا افسران وجوان آخری سانس تک شدت پسندوں سے مقابلہ کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو بی سی ہیڈ کوارٹر بدر لائن میں سیکورٹی کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری لیفٹیننٹ کمانڈر (ریٹائرڈ) عطاءاللہ شاہ SSP، PSP ہیڈ کوارٹرز، زونل کمانڈر۔۔۔IV-III اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسداللہ اور بلوچستان کانسٹیبلری کے آٹھ زونز کے زونل کمانڈرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان کانسٹیبلری کے جوان وآفیسران جوان مردی کے ساتھ اپنی ڈیوٹی سر انجام دے رہے ہیں۔ اور تمام زونل کمانڈرز کو ہدایت کی کہ شدت پسند عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے مقابلہ کریں تاکہ فورس کا مورال بلند ہو آخری سانس تک شدت پسندوں سے مقابلہ کیا جائے ہم نے ملک اور صوبہ میں امن کے قیام اور فرائض کی بجا آوری کا حلف اٹھایا ہے انہوں نے تمام زونل کمانڈرز کو ہدایت دی کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ بلوچستان میں معاشی سرگرمیوں کو بہتر بنانے کیلئے ہمسائیہ ملک چائنہ کے تعاون سے کافی پروجیکٹس فعال ہیں جس پر نہ صرف چائنیز بلکہ بڑی تعداد میں غیر ملکی کام کر رہے ہیں۔ اینٹی اسٹیٹ ایجنٹس ان معاشی سرگرمیوں کو نقصان پہنچانے کیلئے کارروائیاں کرنے کا منصوبہ بناتے رہتے ہیں۔ غیر ملکیوں کی حفاظت کو یقینی بنانا بھی ہماری اولین ذمہ داری ہے۔

## محکمہ صوبے میں صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائے گا، سیکرٹری پی ایچ ای

### ہاشم غلزئی کی زیر صدارت تین روزہ اجلاس، نظام میں بہتری کیلئے اہم اور ٹھوس فیصلے

کوئٹہ (خ ن) محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بلوچستان کا تین روزہ اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس آج کوئٹہ میں مکمل ہوگیا، جس کی صدارت نئے تعینات ہونے والے صوبائی سیکرٹری ہاشم خان غلزئی نے کی۔ صوبائی سیکرٹری نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران کی ہدایات کی روشنی میں محکمے کی کارکردگی کا تفصیلی اور سخت جائزہ لیا۔ اجلاس میں صوبے بھر میں صاف پانی کی فراہمی اور اس حوالے سے نظام میں بہتری کے لیے کئی اہم اور ٹھوس فیصلے کیے گئے۔ تمام متعلقہ حکام کو دس روز میں صوبہ بھر میں واٹر اسٹوریج ٹینکس کی مکمل صفائی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ سیکرٹری پی ایچ ای ہاشم خان غلزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ محکمہ تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے صوبے بھر میں صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائے گا۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ اب کسی بھی سطح پر غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور غیر حاضر یا غیر ذمہ دار افسران کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی کی جائے گی۔

## کوئٹہ: گرانفروشی پر 43 دکاندار گرفتار، 10 دکانیں سیل

### ضلعی انتظامیہ کی مختلف علاقوں میں کارروائیاں، 25 دکانداروں پر موقع پر جرمانے عائد

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے گرانفروشوں کے خلاف بھرپور پرائس کنٹرول مہم کے تحت بڑے پیمانے پر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں، اس مہم کے دوران شہر بھر کے مختلف علاقوں میں 140 دکانوں کا معائنہ کیا گیا۔ کارروائی کے دوران 43 دکانداروں کو گرفتار کیا گیا، جن میں سے 18 کو جیل منتقل کر دیا گیا۔ 10 دکانوں کو سیل کر دیا گیا جبکہ 25 دکانداروں پر موقع پر جرمانے عائد کیے گئے۔ اس کے علاوہ متعدد دکانداروں کو سخت تنبیہ بھی جاری کی گئی۔ یہ کارروائیاں سریاب روڈ، گوالمنڈی چوک، جوائنٹ روڈ، کاسی روڈ، عالمو چوک، کچلاک بازار، سریاب مل، سیٹلائٹ ٹاؤن سمیت دیگر علاقوں میں کی گئیں۔ کارروائی کا دائرہ چکن ڈیلرز، بیف و مٹن شاپس، تندوروں اور بیکریوں تک وسیع کیا گیا تاکہ عوام کو مقررہ نرخوں پر معیاری اشیائے خورد ونوش کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

INTEKHAB QUETTA

## صوبے کے سرد زون میں موسم گرما کی مختصر تعطیلات کا اعلان

### بلوچستان کے سرد زون کے تعلیمی اداروں میں موسم گرما کی تعطیلات 22 جولائی سے یکم اگست تک ہوں گی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ تعلیم سکولز بلوچستان نے صوبے کے سرد زون میں موسم گرما کی مختصر تعطیلات کا اعلان کردیا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق بلوچستان کے: سرد زون کے تعلیمی اداروں میں موسم گرما کی تعطیلات 22 جولائی سے یکم اگست تک ہوں گی۔

MASHRIQ QUETTA

## قلات میں مسافر بس پر فائرنگ کے واقعے کا مقدمہ درج

### دہشتگردی کی دفعات شامل

### فائرنگ کا نشانہ بننے والے افراد کا تعلق کراچی سے تھا جو کوئٹہ میں ایک موسیقی کے پروگرام میں شرکت کے لیے جا رہے تھے

### بلوچستان پولیس اور سیکیورٹی اداروں نے واقعے کی مشترکہ تحقیقات شروع کر دی ہیں، علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے

### سانحہ قلات میں شدید فائرنگ سے زخمی ہونے والے 6 افراد کو سرکاری ہیلی کاپٹر کے ذریعے علاج کیلئے کراچی منتقل کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن، اے پی پی) بلوچستان کے ضلع قلات میں مسافر بس پر فائرنگ کے واقعے کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ واقعے میں صابری قوال گروپ سے تعلق رکھنے والے تین موسیقار جاں بحق جبکہ چودہ افراد زخمی ہوئے تھے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق مقدمہ تھانہ قلات کے ایس ایچ او کی مدعیت میں سی ٹی ڈی تھانہ قلات میں درج کیا گیا، جس میں......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

قتل، اقدام قتل اور دہشتگردی کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔ واقعہ گزشتہ روز اس وقت پیش آیا جب قلات کے علاقے نمرغ میں کراچی سے کوئٹہ جانے والی مسافر بس پر نامعلوم مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں تین افراد موقع پر جاں بحق جبکہ چودہ افراد زخمی ہو گئے تھے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا نشانہ بننے والے افراد کا تعلق کراچی سے تھا جو کوئٹہ میں ایک موسیقی کے پروگرام میں شرکت کے لیے جا رہے تھے۔ پولیس اور سیکیورٹی اداروں نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ علاقے میں سرچ آپریشن بھی جاری ہے۔ سانحہ قلات میں زخمی ہونے والے 6 زخمیوں کو سرکاری ہیلی کاپٹر کے ذریعے کراچی منتقل کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ بدھ کو بلوچستان کے ضلع قلات کے علاقے نمرغ میں دہشتگردوں نے مسافر بس پر فائرنگ کر دی ترجمان حکومت بلوچستان کے مطابق واقعہ میں 3 افراد شہید جبکہ 7 زخمی ہو گئے تھے۔ جمعرات کو حکومت بلوچستان کے سرکاری ہیلی کاپٹر میں قلات کے دہشتگردی کے واقعہ میں زخمی ہونے والے 6 زخمیوں میں جن میں ایک معصوم بچہ بھی شامل تھا کو کراچی منتقل کر دیا گیا۔ ترجمان حکومت بلوچستان کے مطابق حکومت بلوچستان مظلوم کے ساتھ کھڑی ہیں۔ اور جلد ہی دہشتگردوں کو انکے انجام تک پہنچایا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 18 JUL 2025 Page No. 15


## کوئٹہ کے بنیادی مسائل حل، جدید سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، مولانا لونی

### ٹول پلازہ، پراپرٹی ٹیکس کا خاتمہ جیسے قلعہ سیف اللہ دھرنے کے جائز مطالبات تسلیم کیے جائیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی کنوینر مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی ودیگر نے کہا کہ قلعہ سیف اللہ دھرنے کی جائز مطالبات ٹول پلازہ کا خاتمہ، پراپرٹی ٹیکس کا خاتمہ، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ اور منشیات اور بدامنی کے قلع قمع کو تسلیم کیا جائے۔ پنجاب میں گیارہ ٹول پلازوں کو ختم کیا گیا اور 2025اور 2026 بجٹ میں 115ارب موٹر وے کے لیے مختص ہوا لیکن بلوچستان کا تو اب تک دورویہ روٹ مکمل نہیں ہوا ہے موٹر وے تو بلوچستان کی قسمت میں نہیں وہی کھنڈر سڑکیں جس پر روزانہ حادثات اور خونی واقعات میں لوگ لقمہ اجل بن جاتے ہیں اس کھنڈرات پر بھی ٹول پلازے بنائے جارہے ہیں۔ مغربی روٹ تو بلوچستان کی قسمت میں نہیں دورویہ بھی نہ ہوسکا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سڑکیں بارشوں اور سیلابی ریلوں میں بہہ چکی ہیں اور سڑکوں کی خستہ حالی کی باعث ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے۔ کوئٹہ کے بنیادی مسائل کو حل کرکے جدید سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن کو ختم کرکے تکمیل تک پہنچایا جائے۔ نیشنل ہائی وے پر پہلے عوام کو سہولیات اور امن دیا جائے اور ٹول پلازہ کو ختم کیا جائے۔ اگر مطالبات تسلیم نہ کئے تو تمام آل پارٹیز جلد لائحہ عمل طے کرینگی اور پھر غیر معینہ مدت تک احتجاج جاری رہے گا۔

## ریاست بلوچستان اور فاٹا کے لوگوں کو انصاف فراہم کرے، لشکری رئیسانی

### بلوچستان کے لوگ اپنے آئینی حقوق اور انصاف کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاست دان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ آئینی اور تاریخی انصاف کیلئے احتجاج کرنے والوں کو پابند سلاسل رکھنے کے خلاف ان کے رشتہ دار اسلام آباد پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کررہے ہیں، ریاست اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے ہوئے بلوچستان اور فاٹا کے لوگوں کو انصاف فراہم کرے۔ ایک بیان میں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ملکی ادارے اپنا آئینی وقانونی کردار ادا کرنے میں ناکام ہیں، بلوچستان کے لوگ اپنے آئینی حقوق اور انصاف کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں، جن خواتین اور بچوں نے اپنے رشتہ داروں اور لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے احتجاج کیا انہیں انصاف فراہم کرنے کی بجائے پابند سلاسل رکھا گیا ہے اور ان کی باپردہ عزیز واقارب اسلام آباد پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پریس کلب کے سامنے مظاہرہ اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت لوگوں کو ڈیلور کرنے میں ناکام رہی ہے اور حق کی آواز کو دبانے کی کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ریاست اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے ہوئے لاپتہ افراد کے اہلخانہ بلوچستان اور فاٹا کے دیگر لوگوں کو انصاف فراہم کرے۔

## سرعام فحاشی پھیلانے والے خواجہ سراؤں اور خواتین کیخلاف کارروائی کیجائے، جمعیت

### ایسی سرگرمیاں شہر کے تشخص کو مجروح کررہی ہیں، حافظ حسین احمد شرودی ودیگر کا بیان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی ناظم مالیات حاجی قاسم خان خلجی معاون ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ مولانا مفتی روزی خان بادیزئی مولانا حاجی عبدالمالک بڑیچ اختر جان مری مولانا مفتی رحمت اللہ سالار مولانا علی جان ڈپٹی سالار حافظ محیب الرحمن ملاخیل مولانا جان محمد مولانا حزب اللہ ملنگ یار حافظ رحمن گل مولانا محمد اسلم نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ جمعیت علمائے اسلام، ضلع کوئٹہ میں بڑھتی ہوئی فحاشی اور غیر اخلاقی سرگرمیوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتی ہے اور واضح کرتی ہے کہ اس طرح کے اقدامات کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہیں۔ یہ شہر اپنی مذہبی اقدار، قبائلی روایات اور دین دوستی کے لیے جانا جاتا ہے، اور ایسی سرگرمیاں شہر کے بنیادی تشخص کو مجروح کررہی ہیں انہوں نے کہا کہ ہمیں تاجر برادری کی جانب سے براہ راست شکایات موصول ہوئی ہیں جس میں بتایا گیا ہے کہ رات 12 بجے سے صبح 4 بجے تک جناح روڈ، منان چوک، اور قندھاری بازار جیسے شہر کے مرکزی علاقوں میں پنجاب سے آئے ہوئے خواجہ سرا، لڑکیاں اور عورتیں سرعام فحاشی اور بے حیائی پھیلا رہے ہیں یہ عناصر نہ صرف نوجوان نسل کو کھلے عام تباہی کی طرف دھکیل رہے ہیں بلکہ شہر کے پرامن ماحول کو بھی خراب کر رہے ہیں یہ انتہائی افسوسناک ہے کہ یہ سرگرمیاں بلا خوف وخطر جاری ہیں، جس سے عوام میں سخت غم وغصہ پایا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ اس صورتحال کو انتہائی تشویشناک سمجھتی ہے۔ ہم ارباب اختیار سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ ان قبیح حرکات کے مرتکبین کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی جائے۔ یہ نہ صرف معاشرتی اقدار کی حفاظت کے لیے ضروری ہے بلکہ شہر میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے بھی ناگزیر ہے انہوں نےکہا کہ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ واضح کرنا چاہتی ہیں کہ اگر حکام بالا نے اس سنگین مسئلے پر فوری توجہ نہ دی اور ان عناصر کے خلاف مؤثر اقدامات نہ کیے، تو جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے قانون کے مطابق بذات خود سخت قدم اٹھانے پر مجبور ہوگی۔ ہم اپنے شہر کی اخلاقی اقدار اور نوجوان نسل کے مستقبل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ شہر کے تمام مکینوں سے بھی اپیل کرتی ہے کہ وہ اس فحاشی کے خلاف آواز اٹھائیں اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں کوئٹہ شہر میں کسی صورت میں [illegible] کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

## جماعت اسلامی محنت کشوں اور غریبوں کی جماعت ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

### الخدمت فاؤنڈیشن کے ذریعے نادار اور مستحقین کے لیے مختلف فلاحی منصوبے جاری ہیں، خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی محنت کشوں اور غریبوں کی نمائندہ جماعت ہے الخدمت فاؤنڈیشن کے ذریعے نادار اور مستحقین کے لیے مختلف فلاحی منصوبے جاری ہیں یہ باتیں انہوں نے جمعرات کو الخدمت ہسپتال کوئٹہ میں ہیلتھ کارڈ کی سہولت کا افتتاح کرنے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہیں افتتاحی تقریب سے چیئرمین اسپتال ڈاکٹر محمد ابراہیم نے بھی خطاب کیا مولانا ہدایت الرحمٰن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اپنی بساط کے مطابق ایک ایک روپیہ جوڑ کر کوئٹہ کے عوام کے لیے ایک بہترین ہسپتال قائم کیا جہاں آج باقاعدہ ہیلتھ کارڈ کے ذریعے علاج کی سہولت بھی فراہم کردی گئی ہے اگر جماعت اسلامی کو حکومت ملی تو اس سے بڑھ کر عوامی خدمت کر کے دکھائیں گے تاہم حکومت کے انتظار میں ہاتھ پر ہاتھ دھر کر نہیں بیٹھیں گے انہوں نے کہا کہ الخدمت کے تحت جعفر آباد میں کروڑوں روپے کی لاگت سے جدید اسپتال بنارہے ہیں گوادر میں پانچ ایکڑ زمین خریدی جاچکی ہے جبکہ حب میں یتیم بچوں کے لیے آغوش کا منصوبہ ہے۔

## حکومت روزگار دینے کی بجائے بیروزگاری بڑھانے میں مصروف ہے، پشتونخوامیپ

**مختلف اداروں سے ملازمین کی برطرفی کے اقدامات سے غریب عوام کے گھروں میں فاقے پڑ جائینگے، رہنماؤں کا خطاب**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ فارم 47 کی حکومت روزگار دینے کی بجائے بیروزگاری بڑھانے میں مصروف ہے، آئے روز مختلف اداروں سے ملازمین کی برطرفی کے اقدامات سے غریب عوام کے گھروں میں فاقے پڑ جائینگے۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن، یوٹیلیٹی سٹورز سمیت مختلف اداروں سے ملازمین کو برخاست کیا گیا ہے یہ ملازم دشمنی پر مبنی اقدامات ہیں۔ کوئٹہ شہر میں بلدیاتی اداروں کے قیام نہ ہونے کے باعث تمام نظام مفلوج ہو چکا ہے، کرپشن، کمیشن، اقرباء پروری اور اربوں روپے کی خرد برد کے لیے کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات نہیں کرائے جارہے ہیں، نچلی سطح پر عوامی مسائل کا حل صرف بلدیاتی اداروں سے ممکن ہے۔ ان خیالات کا اظہار پارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری منان خان بڑیچ، ضلع معاونین جبار ہمدرد، ڈاکٹر حبیب اللہ کاکڑ، فضل ترین، عطاء اللہ امیری، صادق عسکر، تحصیل سیکرٹری منان نصرت، سینئر معاون سیکرٹری شکور افغان نے تحصیل سٹی سے مربوط خان شہید علاقائی یونٹ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں پارٹی کے ضلع ایگزیکٹیوز، ضلع کمیٹی اور تحصیل کمیٹی کے دیگر اراکین نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر علاقائی سیکرٹری زین اللہ، سینئر معاون سیکرٹری عصمت پامیر، ودیگر اراکین علاقائی معاونین منتخب ہوئے۔ نومنتخب ایگزیکٹیوز سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی نے حلف لیا۔ مقررین نے کہا کہ کوئٹہ شہر مسائلستان کا منظر پیش کررہا ہے اور غیر منتخب عوامی نمائندے فارم 47 کے ذریعے نیلامی کے اسمبلی میں رسائی حاصل کرنے کے بعد عوام کے مسائل سے بے خبر ہیں، انہیں عوامی مسائل کا ادراک ہی نہیں اور اسے حل کرنے سے کوئی سروکار ہے۔ ایسے نمائندے اسمبلی پہنچ کے انہیں اپنے حلقوں کا ہی نہیں پتہ کہ حلقے کی آبادی، مسائل، ضروریات سے بے علم ہے۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 کی حکومت کا قیام دراصل عوام کے حقوق کو غصب کرنا تھا اور اس کے لیے آئے روز غیر آئینی، غیر قانونی، غیر جمہوری طور پر جاری آئین میں ترامیم، قوانین پاس کرنے جیسے اقدامات اس کا واضح ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مائنز ومنرلز بل کے تحت اس جعلی اسمبلی سے لاکھوں ایکڑ عوام کی زمینوں کی ناروا الاٹمنٹس جاری ہے جس کا مقصد ہمارے عوام کو اپنے ہی وسائل، معدنیات، زمینوں سے محروم رکھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے اتحاد واتفاق اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے محبوب چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی کی قیادت میں جاری قومی سیاسی جمہوری جدوجہد کے ذریعے ہم اپنے وطن، عوام کے وسائل کی تحفظ کر سکتے ہیں اور اپنے جمہوری حقوق اور قومی اہداف کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ کارکن پارٹی پروگرام کو ہر گھر تک پہنچا کر انہیں اپنے وطن، جغرافیہ، وسائل سے باخبر کرے اور یہ تب ممکن ہے جب عوام پارٹی صفوں میں شامل ہو کر جاری پشتون قومی تحریک کا حصہ بنے گے۔ انہوں نے نئی کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ منتخب ایگزیکٹیوز پارٹی کے ابتدائی یونٹس کو فعال بنانے، مزید یونٹوں کے قیام، عوام کو پارٹی میں شامل کرنے، ان کے مسائل حل کرنے اور جاری جدوجہد میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے۔

MASHRIQ QUETTA

## معصوم مسافروں کا قتل فتنہ الہند کی سفاک کارروائی ہے، جمال رئیسانی

**دشمن عناصر امن تباہ، دہشتگردوں وسہولت کاروں کو کچلنا ہوگا، رکن قومی اسمبلی**

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے قلات کے علاقے نیمرغ میں دہشت گردوں کی جانب سے نہتے، بے گناہ مسافروں کو نشانہ بنانے کے دلخراش واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے فتنہ الہند کی سفاک اور قابل نفرت کارروائی قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ دشمن عناصر معصو......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

م شہریوں کا خون بہا کر بلوچستان کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں اب وقت آچکا ہے کہ دہشت گردوں کا بلاامتیاز قلع قمع کیا جائے اور ان کے سہولت کاروں و نظریاتی سرپرستوں کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جائے نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے کہا کہ نہتے مزدوروں اور معصوم مسافروں کے قاتل کسی رعایت کے مستحق نہیں انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس کرب کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ برابر کے شریک ہیں اللہ تعالی شہدا کے درجات بلند اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔

## سیاسی جماعتیں حکومتی غلط پالیسیوں کے خلاف آواز بلند کریں‘ واجہ اسد بلوچ

**بلوچستان کے حالات جان بوجھ کر خراب کیے جارہے ہیں‘ سربراہ بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی)**

**بی این پی رہنماؤں اختر حسین لانگو‘ میر نذیر احمد بلوچ سے ملاقات میں گفتگو**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے سربراہ و رکن صوبائی اسمبلی راجی راہشون میر اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں کو صوبے کی بہتری اور عوام میں پائے جانے والے احساس محرومی دور کرنے اور حکومتی غلط پالیسیوں اور اقدامات ......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کے خلاف آواز اٹھانی چاہئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنماؤں میر اختر حسین لانگو اور میر نذیر احمد بلوچ سے انکی رہائش گاہ پر ملاقات میں کیا اس موقع پر بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر ناشناس لہڑی، مرکزی سیکرٹری زراعت سردارزادہ یاسر مینگل، ابوبکر بلوچ ودیگر بھی موجود تھے اس موقع پر میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے حالات جان بوجھ کر خراب کئے جارہے ہیں دونوں سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کے مابین ملاقات میں باہمی سیاسی امور اور صوبے کے حالات پر مفصل گفت وشنید کی گئی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 18 JUL 2025

Page No. 17


## کوئٹہ: جرگے کے دوران بدمزگی، بھانجوں نے ماموں مار ڈالا

**دو ماموؤں سمیت تین افراد زخمی ملزمان فرار، جرگہ موٹر سائیکل کے تنازعے پر بلایا گیا تھا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ائیر پورٹ روڈ کلی گل محمد میں موٹر سائیکل تنازع کے جرگہ کے دوران بھانجوں نے چچا اور کزنز کے ساتھ مل کر ماموں پر حملہ کر دیا خنجر کے وار سے ایک ماموں جاں بحق اور دو ماموؤں سمیت تین افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ائیر پورٹ کے علاقے کلی گل محمد میں رہائش پذیر اسد گل ولد عبدالقدوس کا اپنے بھانجے سے ساتھ موٹر سائیکل کا تنازع تھا جس پر گزشتہ روز اسد گل کے گھر سے تصفیہ کیلئے جرگہ ہوا جرگے کے دوران تلخ کلامی ہوئی اور بھانجوں نے اپنے چچا اور کزنز کے ساتھ مل کر حملہ کرتے ہوئے خنجروں سے وار کئے جس کے نتیجے میں اسد گل موقع پر ہی جاں بحق جبکہ اس کے دو بھائی علی احمد شیر احمد اور ایک عزیز تعز خان شدید زخمی ہو گئے جبکہ ملزمان موقع سے فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی۔ پولیس نے چھ ملزمان نے خلاف مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ منتقل کر دیا گیا

## کوہلو: فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوہلو میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہو گیا پولیس کے مطابق کوہلو کے علاقے مری کالونی میں رہائش پذیر شادی خان گزشتہ روز گھر سے بازار جا رہا تھا کہ نامعلوم افراد اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی۔

## ڈیرہ بگٹی سے 6 لیویز و پولیس اہلکار اغوا، اغوا کار سرکاری اسلحہ بھی ساتھ لے گئے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) بلوچستان کے علاقے ڈیرہ بگٹی سے لیویز و پولیس اہلکاروں کو نامعلوم افراد نے اغوا کر لیا سرکاری اسلحہ چھوڑ گئے واقعہ کے بعد پولیس و سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی ڈپٹی کمشنر بگٹی زوہیب الحق کے مطابق ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی نالے سے نامعلوم افراد نے تین پولیس اہلکاروں کانسٹیبل محمد یاسین کانسٹیبل بچل خان اور کانسٹیبل محمد جان جبکہ ڈولی چیک پوسٹ سے لیویز اہلکاروں عمیر حیات، علی نواز اور مٹھا خان کو اغوا کر کے نامعلوم مقام کی طرف فرار ہو گئے ذرائع کے مطابق سرکاری اسلحہ بھی اپنے ساتھ لے گئے واقعہ کے بعد پولیس و سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی۔

MASHRIQ QUETTA

## بھاگ کوہلو اور خاران میں فائرنگ خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق

**گوٹھ عظمت کے قریب مسلح افراد نے فائرنگ کر کے سیاہ کاری کے الزام میں خاتون سمیت 2 افراد کو قتل کر دیا**

**کوہلو مری کالونی میں شادی خان جاں بحق، خاران بازار میں مسلح افراد کی فائرنگ سے نوجوان مجاہد ہلاک ہوا**

کوئٹہ، اندرون صوبہ (سٹی رپورٹر، نمائندے) اندرون...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان فائرنگ کے واقعات میں ہلاکتیں ہوئیں ہیں تفصیلات کے مطابق بھاگ کے علاقے میں سیاہ کاری کے الزام میں خاتون سمیت 2 افراد کو قتل کر دیا لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز لیویز تھانہ بھاگ کی حدود میں گوٹھ عظمت کے قریب نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر فائرنگ کر کے سیاہ کاری کے الزام میں خاتون سمیت 2 افراد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئیں مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔ کوہلو میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوہلو کے علاقے میں مری کالونی میں فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کی شناخت شادی خان کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی فائرنگ کی وجہ دیرینہ رنجش بتائی جاتی ہے مزید کارروائی کوہلو پولیس کر رہی ہے۔ خاران کے معروف شاپنگ بازار میں فائرنگ کے واقعے میں ایک نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ اطلاعات کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے اچانک فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں مجاہد ولد خیر جان شدید زخمی ہو گیا۔ زخمی نوجوان کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد کے لیے شیخ زید اسپتال خاران منتقل کیا گیا، تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ فائرنگ کے محرکات تا حال معلوم نہیں ہو سکے ہیں، جبکہ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

## حب میں کارروائی، فتنہ الخوارج 2 دہشت گرد ہلاک

**چھاپہ مار ٹیم کے پہنچتے ہی دہشت گردوں نے اندھا دھند فائرنگ کر دی**

**ہلاک دہشت گرد حب اور کراچی میں دہشتگردی کی منصوبہ بندی کر رہے تھے**

حب (یو این اے) حب کے علاقے ریور روڈ آسکانی محلہ میں رات گئے حساس ادارے اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ) سی ٹی ڈی (نے مشترکہ کارروائی......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

کرتے ہوئے فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے دو مطلوب دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق کارروائی خفیہ اطلاع پر کی گئی، اور چھاپہ مار ٹیم کے پہنچتے ہی دہشت گردوں نے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی،

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 18 JUL 2025

Page No. 18

## مچھ بازار میں مہنگائی اور ناقص اشیاء کا راج، عوام پریشان

### دودھ میں کیمیکل، سبزیاں گل سڑی، نرخنامے غائب، انتظامیہ خاموش

مچھ (یو این اے) مچھ بازار میں عوام روزانہ مہنگائی اور ناقص اشیا خورد ونوش کی دلدل میں دھنستے جا رہے ہیں۔ مقامی شہریوں نے شکایت کی ہے کہ دودھ، دہی، سبزیاں، پھل، چینی، گھی، چائے پتی سمیت روزمرہ کی تمام بنیادی اشیا یا تو سرکاری نرخ سے کہیں زیادہ داموں فروخت ہو رہی ہیں یا ان کا معیار ناقص ہے۔ خصوصاً دودھ اور دہی میں کیمیکل ملائے جانے، پانی کی ملاوٹ اور مصنوعی خوشبو کا استعمال معمول بن چکا ہے جس سے کینسر و دیگر مہلک امراض پیدا ہو رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ سبزیاں اور پھل بھی نہ صرف مہنگے بلکہ باسی اور خراب حالت میں فروخت ہو رہے ہیں۔ بعض دکاندار گل سڑ جانے والے پھل اور سبزیاں بھی ریٹیل قیمت پر بیچتے ہیں، جنہیں کھانے سے بیماریاں لاحق ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بازار میں کسی قسم کا چیک اینڈ بیلنس موجود نہیں۔ دکانوں پر نرخ نامے آویزاں نہیں کیے جاتے، اور اگر کوئی صارف قیمت پر سوال کرے تو دکاندار بدتمیزی پر اتر آتے ہیں

INTEKHAB QUETTA

## گدر، چوری کی وارداتوں میں ایک بار پھر تیزی

گدر (خصوصی رپورٹ) چھد گدر کے علاقے میں بجلی کی تاروں کی چوری کی بڑی واردات پیش آئی ہے شہدادزئی مین لائن کی تین کھمبوں کی تاریں چور لے اڑے علاقائی ذرائع سے اطلاع ملنے پر واپڈا کی ٹیم لیویز فورس کے ہمراہ فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچی، لیویز فورس نے آس پاس کے علاقے میں سرچ آپریشن کیا جس کے دوران ڈیڑھ سو فٹ چوری شدہ تار ویرانے سے برآمد کر لی گئی جبکہ واپڈا ٹیم کی قیادت ایل ایس گدر حاجی افتخار احمد مینگل کر رہے تھے جبکہ لیویز فورس کی نگرانی غلام مصطفیٰ تاج نے کی دونوں محکموں کی بروقت کارروائی سے قیمتی سرکاری سامان کی برآمدگی ممکن ہو سکی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 — Dated: 18 JUL 2025 — Page No. 19


## مسافر بس اور سیکورٹی فورسز کے قافلے پر فائرنگ میجر سمیت 4 افراد شہید

بلوچستان میں مختلف مقامات پر حملے قلات میں مسافر بس آواران ہزار گنجی میں سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر فائرنگ دھماکہ میجر سمیت 4 افراد شہید 15 زخمی چار کی حالت تشویشناک ہیں بلوچستان کے ضلع قلات میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر نیمرغ کراس کے قریب کراچی سے کوئٹہ جانے والی سنڈا ٹرانسپورٹ کمپنی کی مسافر کوچ پر مسلح افراد کا حملہ، باپ بیٹے سمیت تین افراد جاں بحق جبکہ 13 مسافر زخمی، نعشیں و زخمی ہسپتال منتقل، ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ، زخمیوں کو طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لئے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا، حملہ آور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، پولیس ذرائع نیوز کو بتایا بلوچستان کے ضلع قلات میں نیمرغ کراس کے قریب نامعلوم افراد کی کراچی سے کوئٹہ جانے والے مسافر کوچ پر فائرنگ کی گئی جبکہ یو بی جی ایل راکٹ لانچرز سے حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں تین افراد موقع پر جان بحق ہو گئے جبکہ متعدد زخمی ہو گئے اطلاع ملتے ہی پولیس لیویز و سمیت ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لیکر نعشوں اور زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں پر تین نعشوں کی شناخت احمد حسین ولد بشیر احمد سکنہ کراچی، محمد رضا ولد احمد حسین سکنہ کراچی اور آصف ملک ولد عطا محمد کے نام سے ہوئی جبکہ زخمیوں میں حیدر ولد مطلوب قوم مہاجر کراچی، عمران ولد بشیر قوم دھلکے سکنہ کراچی، منظر عباس مصور عباس کراچی، محمد ثاقب ولد بلال مہاجر کراچی، فیصل ولد بشیر قوم مہاجر سکنہ کراچی، محمد ندیم ولد شہاب الدین مہاجر سکنہ کراچی، محمد رضوان ولد منظور احمد قوم میر عالم کراچی، مصور عباس ولد منظور احمد مہاجر لیاقت آباد کراچی، محمد وارث ولد مبارک اردو سپیکنگ نیو کراچی، فیضان ولد فہیم قوم صابری سکنہ کراچی، دلشاد ولد مشتاق احمد قریشی سکنہ لیاقت آباد کراچی، کوچ ڈرائیور نجیب احمد ولد نامعلوم قوم براہوئی اور بلال احمد ولد جاوید قوم میر عالم لالوکیت کراچی شامل ہیں زخمیوں سے چار افراد کی حالت نازک بتائی جاتی ہے، ہسپتال میں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج کے لئے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا اس موقع پر ہسپتال میں ڈپٹی کمشنر قلات کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ ایس پی شہزادا کبر ایس ایچ او حبیب اللہ بیجاری ایڈیشنل ایس ایچ او میر نذیر احمد عمرانی سمیت ایم ایس ڈاکٹر نصر اللہ لانگو ڈاکٹر محمد یعقوب زہری سمیت دیگر موجود تھے مزید تحقیقات کی جا رہی ہے دوسری جانب بلوچستان کے ضلع آواران کے علاقے گرائی کوری میں سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر دہشتگردوں کی جانب سے سنیپر اور فائرنگ کے حملے میں ایک افسر شہید اور ایک سپاہی زخمی ہو گیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق حملے میں پاک فوج کے میجر ربنواز شدید زخمی ہو گئے تھے جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہو گئے، جبکہ سپاہی اسد اللہ کو زخمی حالت میں طبی امداد کے لیے منتقل کر دیا گیا ہے۔ واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے، جبکہ کوئٹہ کے نواحی علاقے ہزار گنجی میں فرنٹیئر کور: ایف سی: کے قافلے کو نشانہ بنانے کے لیے ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ کیا گیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 18 JUL 2025 Page No.________



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان وزیر اعظم پاکستان کی زیر صدارت اجلاس میں بذریعہ وڈیو لنک شریک ہیں